BRAMPTON Flower City
brampton.ca

Service and Information Update

7 مارچ 2019

تجدید شدہ کونسل چیمبرز کو اب کھول دیا گیا ہے

برامپٹن، آن - برامپٹن کونسل کے چیمبرز کے مجموعی خاکے اور آسائش میں بہتری لانے، رسائی کو آسان بنانے، عمارتی ضابطہ کے معیارات کے مطابق ڈھالنے اور نئے آڈیو وڑوئل آلات لگانے سے، برامپٹن کونسل کے چیمبرز کو جدید خطوط پر تیار کر لیا گیا ہے۔

تجدید اور بہتری کے بعد کونسل کے چیمبرز کو 6 مارچ کو دوبارہ کونسل کی میٹنگ کے لیے کھول دیا گیا ہے۔

تجدید نو کی خصوصیات میں درج ذیل شامل ہیں:

- کونسلرز اور عملے کے بیٹھنے کے بندوبست میں بہتری لائی گئی ہے اور مستقبل میں مزید توسیع کی گنجائش بھی رکھی گئی ہے
- پبلک آڈیٹوریم میں تھیٹر اسٹائل کی نشتیں لگا کر ان کو پُرآسائش بنایا گیا ہے اور ان کی تعداد میں بھی اضافہ کیا گیا ہے
- سٹی میٹنگز کی لائیو اسٹریمنگ کی صلاحیت میں اضافہ کرنے کے لیے، آڈیو وژوئل آلات کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے
- معذور افراد کی سہولت کے لیے ایک نیا قابل رسائی ریمپ بنایا گیا ہے اور قابل رسائی نشتوں میں بھی اضافہ کیا گیا ہے

کونسل چیمبرز سٹی ہال کی چوتھی منزل، بمقام 2 ولنگٹن اسٹریٹ ویسٹ پر واقع ہے۔

-30-

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
Monika.Duggal@brampton.ca | 905-874-3426